**Fazil / TSF**

**29-09-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت نے، پاکستان کو 5 وکٹ سے ہرا کر ایشیاء کپ کرکٹ ٹرافی نویں بار جیت لی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس جیت کو کھیل کے میدان میں آپریشن سِندور کی طرح ایک فتح قرار دیا ہے۔

2- وزیر اعظم آج دین دیال اُپادھیائے مارگ پر دلّی BJP کے نئے دفتر کا افتتاح کریں گے۔

3- بہار کے لیے آج 7 نئی ریل گاڑیاں چلائی جائیں گی۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، پٹنہ جنکشن سے تین امرت بھارت اور 4 مسافر ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

4- انتخابی کمیشن، بہار اسمبلی انتخابات اور 8 ریاستوں میں ضمنی انتخابات کے لیے 470 مرکزی مشاہدین تعینات کرے گا۔

5- اور نشانے بازی میں، بھارت کی اَنشکا ٹھُوکر نے، نئی دلّی میں ISSF جونیئر عالمی کپ میں، خواتین کی 50 میٹر رائفل تین پوزیشنز مقابلے میں، سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Asia Cup Congratulations

بھارت نے، متحدہ عرب امارات کے شہر دبئی میں، دبئی بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈئم میں، پاکستان کو 5 وکٹ سے ہرا کر، نواں ایشیاء کپ جیت لیا ہے۔ تِلک ورما، پوری اننگز میں آؤٹ نہیں ہوئے، جس کی بدولت ٹورنامنٹ کا یہ زبردست نتیجہ برآمد ہوا۔

**S/B - 0815 Wining Moments Asia Cup**

اِس ٹورنامنٹ میں پاکستان کے خلاف بھارت کا ایک بہترین ریکارڈ رہا۔ بھارت نے گروپ اسٹیج اور سُپر فور میچوں سمیت، سبھی تین مقابلوں میں پاکستان کو شکست دی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے دبئی میں ایشیاء کرکٹ ٹورنامنٹ جیتنے پر، ٹیم انڈیا کو مبارکباد دی ہے۔ اس سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹیم انڈیا کو مستقبل میں بھی اُس کی شان و شوکت برقرار رہنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایشیاء کپ میں بھارت-پاکستان فائنل کو، آپریشن سِندور سے جوڑا ہے اور کہا ہے کہ یہ

نتیجہ ویسا ہی ہے، جیسا کہ بھارت نے جیت حاصل کی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے لکھا ہے کہ کھیل کے میدان میں آپریشن سِندور، نتیجہ وہی ہے کہ بھارت نے جیت حاصل کی ہے۔ ہمارے کرکٹ کھلاڑیوں کو مبارکباد۔×

PM - Delhi BJP Office

وزیر اعظم نریندر مودی آج دین دیال اُپادھیائے مارگ پر دلّی BJP کے نئے دفتر کا افتتاح کریں گے۔ یہ افتتاح نوراتری تقریبات کے دوران کرایا جا رہا ہے۔

دلّی BJP کے سربراہ وِریندر سچدیوا نے کہا کہ یہ محض کام کاج کی جگہ نہیں، بلکہ یہ اقدار کا مرکز ہے، جہاں کارکنوں میں پارٹی کے کلچر اور جذبے کو پروان چڑھایا جاتا ہے۔ انہوں نے افتتاح کی اِس تقریب کو دلّی میں پارٹی کے سفر میں ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔

افتتاح کی تقریب کے دوران BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا، دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا، سینئر رہنماء، ارکانِ پارلیمنٹ، قانون ساز اسمبلی کے ارکان، کاؤنسلرز، مرکزی وزراء اور پارٹی کے ہزاروں کارکن موجود ہوں گے۔×

Vaishanw Bihar Tains

بہار کو آج 7 نئی ریل گاڑیوں کا تحفہ دیا جائے گا، جن میں تین امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ اِن میں سے پٹنہ کے لیے 4 مسافر ریل گاڑیاں ہوں گی۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، پٹنہ جنکشن سے، اِن ریل گاڑیوں کو بہار کے لیے وقف کریں گے۔

ریلوے کے وزیر اِس تقریب میں نئی دلّی سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کریں گے، جبکہ نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، اِن ریل گاڑیوں کو پٹنہ جنکشن سے جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ دیوالی اور چھٹھ سے پہلے، بہار کے عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے۔

ایک رپورٹ

**V/C - Dharmendra**

*آج سے شروع ہونے والی نئی ٹرینوں سے بہار کے لوگوں کو سستے سفر کی سہولیات فراہم ہوں گی۔ مظفرپور اور حیدرآباد کے **Charlapalli** کے درمیان، دربھنگہ اور راجستھان کے مدار کے درمیان اور چھپرا اور آنند وہار کے درمیان امرت بھارت ایکسپریس چلے گی۔ اِس کے علاوہ پٹنہ اور بکسر، نوادا اور پٹنہ، جھا جھا اور داناپور اور پٹنہ اور اسلامپور کے درمیان نئی پیسنجر ٹرینیں چلیں گی۔*

*3 نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینوں کے آغاز کے ساتھ اب بہار سے چلنے والی اِس طرح کی ٹرینوں کی کُل تعداد 13 ہو جائے گی۔ اِس سے ملک کے مختلف حصوں کا سفر کرنے والے لوگوں کو خصوصاً تہوار کے دوران قابل ذکر راحت ملے گی۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں کونین حیدر*

EC Central Observer

بھارت کے انتخابی کمیشن نے بہار میں آئندہ اسمبلی انتخابات اور مختلف ریاستوں میں، 8 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے لیے مرکزی مشاہدین کی تعیناتی کا اعلان کیا ہے۔ مشاہدین نے عام، پولیس اور اخراجات مشاہدین شامل ہیں۔
320 آئی اے ایس اور 60 آئی پی ایس افسران سمیت کُل 470 افسران مرکزی مشاہدین کے طور پر تعینات کیے جائیں گے، تاکہ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ مشاہدین ہر حلقے میں انتخابی عمل پر قریبی نظر رکھیں گے۔ اِس عمل کو بہتر بنانے کے طور طریقوں کی نشاندہی کریں گے اور اقدامات کی سفارش کریں گے۔
اسمبلی کے ضمنی انتخابات جموں و کشمیر کے بڈگام اور نگروٹا، راجستھان کے اَنتا، جھارکھنڈ کے گھاٹ سِلا، تلنگانہ میں جوبلی ہلز، پنجاب میں ترن تارنگ، میزورم میں ڈمپا اور اُڈیشہ میں نُواپاڑہ حلقوں کے لیے کرائے جائیں گے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. EV Charging Stations

مرکز نے پی ایم ای-ڈرائیو اسکیم کے تحت ملک بھر میں 72 ہزار 300 سرکاری الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشن کے آغاز کے لیے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔ بھاری صنعتوں کی وزارت کے مطابق اِس فریم وَرک میں ایک خاص قسم کے سبسڈی نظام کا ذکر کیا گیا ہے، تاکہ سرکاری دفتروں، قومی شاہراہوں، سرکاری ٹرانسپورٹ مراکز اور کمرشل کامپلیکس میں الیکٹرک گاڑیوں کو چارج کرنے کے لیے ضروری بنیادی ڈھانچے کی تنصیب میں تیزی لائی جاسکے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

**VC - News Desk**

*رہنماء خطوط کے مطابق سرکاری دفاتر، رہائشی Colonies، اسپتال اور تعلیمی ادارے فروغ پاتے ہوئے بنیادی ڈھانچے اور ای وی چارجنگ سازوسامان پر 100 فیصد سبسڈی حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ اِس کے لیے اُنہیں لوگوں کے لیے مفت سہولیات یقینی بنانا ہوں گی۔*
*ریلوے اسٹیشن، ایئر پورٹس، بس ٹرمنل، میٹرو اسٹیشن، میونسپل پارکنگ مقامات، سرکاری شعبے کی بندرگاہیں، سرکار کے ماتحت Oil کمپنیوں کی ریٹیل آؤٹ لیٹس اور NHAI یا ریاستی حکومتوں کے ذریعے چلائے جانے والے ٹول پلازہ کو فروغ پاتے ہوئے بنیادی ڈھانچے کے اخراجات پر 80 فیصد اور چارجنگ کے لیے ضروری سازوسامان کے اخراجات پر 70 فیصد سبسڈی ملے گی۔*
*نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں عبدالواحد*

Seva Parv - PM Gatishakti

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سُساشن یعنی عوامی خدمات اور اچھی حکمرانی کے منتر کی روشنی میں یکسر تبدیلی اور ترقی کیلئے انتھک کام کرتی رہی ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز ’سیوا پرو‘ میں ہم اِس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ کیسے مودی حکومت نے پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کے فروغ میں انقلاب پیدا کیا ہے۔

**Capsule**

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کے بنیادی ڈھانچے کے منظر نامے میں زبردست تبدیلی آ رہی ہے، جس کے پیچھے پی ایم گتی شکتی اقدام کارفرما ہے، جو ایک ایسا ماسٹر پلان ہے، جس کے سبب نئی منزلیں طے کی جا رہی ہیں، کام کاج کی رفتار میں تیزی آ رہی ہے اور بھارت کی ترقی کا تصور، حقیقت میں تبدیل ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم مودی کے مطابق، گتی شکتی، مجموعی حکمرانی کی توسیع ہے۔

***S/B - PM Gati Shakti***

پی ایم گتی شکتی 2021 کو ایک قومی ماسٹر پلان کے طور پر شروع کی گئی تھی، جس کے ذریعے مختلف وزارتوں اور محکموں کو یکجا کر کے بنیادی ڈھانچے کے فروغ کے عمل کو مربوط بنایا گیا تھا، تاکہ پروجیکٹوں پر، تال میل اور خوش اسلوبی کے ساتھ عمل درآمد کیا جا سکے۔

ایسا پہلی بار ہے کہ 57 وزارتیں اور 36 ریاستیں و مرکز کے زیر انتظام علاقے کسی واحد ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر ایک ساتھ کام کر رہے ہوں۔ جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ ریلویز سے شاہراہوں تک، بندرگاہوں سے ہوائی اڈّوں تک بھارت کے، تیزی سے توسیع پانے والے بنیادی ڈھانچے کے نیٹ ورک سے، زندگی کی آسانیوں اور خوشحالی کو بڑھاوا مل رہا ہے۔ ×

Next Gen GST Food

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس یومِ آزادی کی اپنی تقریب میں لال قلعے کی فصیل سے اگلے سلسلے کی GST اصلاحات، دیوالی تک کر دیے جانے کا اعلان کیا تھا۔ GST کونسل نے 3 ستمبر کو شرحوں کو معقول بنا کر اور کئی شعبوں میں ٹیکس کی شرحوں میں کٹوتی کر کے اُن کے اِس خواب کو پورا کیا۔ اِس طرح شہریوں کی زندگی مزید سہولت آمیز ہو گئی۔ آج ہم نظر ڈال رہے ہیں کہ کیسے اِن اصلاحات سے آٹو موبیل شعبے میں لوگوں کو اپنے خواب پورے کرنے میں مدد ملی۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC - Nitika**

حکومت نے جی ایس ٹی میں اگلے سلسلے کی اصلاحات کے تحت عام شہریوں کو راحت دیتے ہوئے متعدد غزائی اشیاء میں ٹیکسوں میں بھاری کٹوتی کی ہے۔ جی ایس ٹی 20 کے تحت، پزہ، بریڈ، کھاکھرا، اور روٹی کو مکمل طور پر ٹیکس فری کردیا گیا ہے۔ اِن پر پہلے 5 فیصد جی ایس ٹی لگایا گیا تھا۔ اِس طرح پراٹھے، جن پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگایا گیا تھا، انکو بھی جی ایس ٹی سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد، عام شہریوں کی جیب پر پڑنے والے دباؤ کو کم کرنا او عام لوگوں پر اقتصادی بوجھ کو کم کرنا ہے۔ واضح ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس ماہ کی 21 تاریخ

کوشہریوں سے سویشی مصنوعات خرید نے کی اپیل کی تھی، جس سے کھریلوں صنعت، چھوٹے مینوفیکچر ، اور مقامی کاریگروں اور **MSME** کو مدد ملے گی۔
ننیکا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں عبدالواحد

US SHOOTING

امریکی بحریہ کے ایک سابق اہلکار نے **Michigan** کے چرچ میں فائرنگ کرکے چار افراد کو ہلاک اور **8** کو زخمی کر دیا ہے۔ فائرنگ سے پہلے اُس نے اپنی گاڑی کو چرچ سے جاٹکرایا۔ اُس نے چرچ میں آگ بھی لگائی۔ بعد میں پولیس کی جوابی کارروائی میں اُسے ہلاک کر دیا گیا۔ حملہ آور کی شناخت **Thomas Jacob Sanford** کے طور پر ہوئی ہے۔ وہ عراق جنگ میں بھی حصہ لے چکا تھا۔
پولیس کے مطابق اُس نے جان بوجھ کر چرچ کو اُس وقت نشانہ بنایا جب وہاں سینکڑوں افراد دعائیہ جلسے کیلئے موجود تھے۔×

VIETNAM STORM

**BUAGOI** طوفان کے سبب ویتنام میں ہوائی اڈوں کو بند کر دیا گیا ہے اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جارہا ہے۔ طوفان کی وجہ سے **10** افراد ہلاک ہو گئے ہیں، جبکہ فلپینز میں اِس سے سیلاب کی صورتحال پیدا ہو گئی ہے۔
طوفان کے باعث **133** کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔ محکمۂ موسمیات نے آج وسطی ویتنام میں طوفان کے ساحلی علاقوں سے ٹکرانے کی پیش گوئی کی ہے۔×

SHOOTING

نشانے بازی میں، بھارت کی انوشکا ٹھوکر نے دلی کی ''کرنی سنگھ شوٹنگ رینج'' میں منعقدہ **ISSF** جونیئر ورلڈ کپ میں خواتین کے **50** میٹر رائفل تھری پوزیشنز میں، سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِس مقابلے میں انوشکا کا یہ دوسرا سونے کا تمغہ ہے۔
مردوں کے **50**میٹر کے جونیئر رائفل تھری پوزیشن مقابلے میں بھارت کے ایڈریئن کرماکر نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ بھارت، سونے کے چار، چاندی کے چھ، اور کانسے کے تین تمغے حاصل کرکے اِس مقابلے میں سرفہرست ہے۔×

IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے گجرات کے سوراشٹرا، کچھ، اور کونکن، گوا نیز وسطی مہاراشٹرا میں آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔
انڈمان اور نیکوبار جزائر، چھتیس گڑھ، ناگالینڈ، منی پور میزورم اور تریپورہ میں بھی گرج چمک کے ساتھ اگلے دو سے تین روز تک ہلکی بارش کی پیش گوئی کی ہے، اسکے علاوہ محکمۂ موسمیات نے، آندھرا پردیش، گجرات، بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، انڈمان اور نیکوبار جزائر، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔×

MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''GST بچت اُتسو: ہر ایک گھر کے لیے بچت کا دور'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، اقتصادی تجزیہ کار ڈاکٹر امن اگروال کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کونین حیدر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ انقلاب لکھتا ہے وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے ماہانہ پروگرام ''من کی بات'' میں گاندھی جینتی پر لوگوں سے کھادی ملبوسات خریدنے کی اپیل کی۔ انہوں نے مجاہد آزادی شہید بھگت سنگھ کی سالگرہ پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر بھارتی خصوصاً ملک کے نوجوانوں کے لیے تحریک کا سرچشمہ اور مشعل راہ ہیں۔

بہار اور دیگر ضمنی الیکشن کے لیے 470 مبصرین کی تعیناتی کا اعلان کیا گیا ہے۔ اِس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

ایشیا کپ سے متعلق خبر کو آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے اپنے پہلے اور کھیل کی خبروں کے صفحات پر نمایاں جگہ دی ہے۔

انقلاب لکھتا ہے کہ ''ایشیا کپ کا تاج 9 ویں بار ٹیم انڈیا کے سر پر سجا۔''

ورلڈ فوڈ انڈیا 2025 نے 1 اعشاریہ صفر دو لاکھ کروڑ روپے بقدر سرمایہ کاری حاصل کی۔ اِس خبر کو بیشتر اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے خطاب سے متعلق خبر کو تقریباً

سبھی اردو اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبارات نے وزیر خارجہ کے اِس بیان کا ذکر کیا ہے کہ بھارت آزادی کے بعد سے ہی دہشت گردی کے چیلنج کا سامنا کررہا ہے۔

تمل ناڈو کے کرور میں اداکا سے سیاست داں بنے وجے کی ریلی کے دوران بھگدڑ کے واقعے سے متعلق خبر کو بھی تقریباً سبھی اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت نے، پاکستان کو 5 وکٹ سے ہرا کر ایشیاء کپ کرکٹ ٹرافی نویں بار جیت لی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس جیت کو کھیل کے میدان میں آپریشن سِندور کی طرح ایک فتح قرار دیا ہے۔

2- وزیر اعظم آج دین دیال اُپادھیائے مارگ پر دلّی BJP کے نئے دفتر کا افتتاح کریں گے۔

3- بہار کے لیے آج 7 نئی ریل گاڑیاں چلائی جائیں گی۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، پٹنہ جنکشن سے تین امرت بھارت اور 4 مسافر ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

4- انتخابی کمیشن، بہار اسمبلی انتخابات اور 8 ریاستوں میں ضمنی انتخابات کے لیے 470 مرکزی مشاہدین تعینات کرے گا۔

5- اور نشانے بازی میں، بھارت کی انشکا ٹھوکر نے، نئی دلّی میں ISSF جونیئر عالمی کپ میں، خواتین کی 50 میٹر رائفل تین پوزیشنز مقابلے میں، سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------